فوری ریلیز کے لیے: 7/11/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ نیویارک سٹی سب وے نے میراتھن والی ہفتہ وار تعطیل پر رائیڈر شپ کے ریکارڈ قائم کیے ہیں

اتوار کو میراتھن پر 2.11 ملین سواریوں نے؛ ہفتہ کے روز 2.45 ملین سواریوں، نے لگاتار تیسرے ہفتے کا ریکارڈ قائم کیا

یہ پیراٹرانزٹ ہفتے کو 16,000 سے زیادہ طے شدہ ٹرپس کے ساتھ، عالمی وبا سے قبل کی 100 فیصد رائیڈر شپ لے کر جاتی ہے

میراتھن اتوار سب وے سروس کی تصاویر دیکھیں

آج کی نیوز کانفرنس کی ویڈیو ملاحظہ کریں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ میٹروپولیٹن محکمۂ آمدورفت (Metropolitan Transportation Authority) کی نیویارک سٹی سب وے کی تعداد کل 2.11 ملین تک پہنچ گئی تھی، جس نے 26 جون 2022 کو 2.01 ملین کے عالمی وبا کے عرصے کے اتوار والی رائیڈر شپ کے سابقہ ریکارڈ کو، اور لائقِ موازنہ 2019 میں نومبر کے دوسرے اتوار کی عالمی وبا سے قبل کی بنیادی حد کے 84 فیصد کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ رائیڈر شپ گزشتہ سال کے میراتھن اتوار والی سب وے کی 1.89 ملین رائیڈر شپ سے 12 فیصد زیادہ تھی، اور گزشتہ اتوار کی 1.88 ملین رائیڈر شپ کے مقابلے میں 13 فیصد زیادہ تھی۔

"گزشتہ تین ہفتوں میں ہفتہ وار تعطیل پر ریکارڈ قائم کرنے والی رائیڈر شپ کے ساتھ، ہماری عوامی آمد ورفت، عالمی وبا کے سیاہ ترین دنوں سے واپس معمول کی طرف بحال ہو رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مسافر، طلبا، سیاح اور میراتھن رنرز سبھی جانتے ہیں کہ ہمارا عالمی معیار کا آمدورفت کا نظام ہی نیویارک شہر کے گرد و نواح میں گھومنے کا بہترین طریقہ ہے۔ سب وے پر سواریوں کی واپسی جاری ہے، اور ہم پولیس، کیمروں اور دیکھ بھال میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہماری سواریوں کو پورے نظام سے بہترین ممکنہ تجربہ حاصل ہو۔"

یہ ریکارڈ توڑ اتوار، یعنی نیویارک سٹی میراتھن کی اکاونویں رننگ پر، عالمی وبا کے بعد کے ایک اور ہفتے کے ریکارڈ پر سبقت لے گیا۔ NYC میراتھن کے موقع پر، گزشتہ ہفتے کے دن کے 2.44 ملین کے ریکارڈ سے تجاوز کرتے ہوئے، 2.45 ملین لوگ سب وے پر سوار ہوئے تھے۔ سب ویز پر ہفتے کے دن، تیسرے مسلسل ریکارڈ والے دن کے علاوہ، پیراٹرانزٹ نے بھی ایک ریکارڈ قائم کیا تھا۔ ہفتے کے دن، یہ پیراٹرانزٹ 16,800 سے زیادہ شیڈول شدہ ٹرپس کے ساتھ، عالمی وبا سے قبل کی 100 فیصد رائیڈر شپ لے کر گئی تھی۔

یہ ریکارڈ اس دن قائم ہوا جب MTA کے عہدیداروں نے سب وے نظام میں طے شدہ دیکھ بھال سے متعلقہ خدمات کی تبدیلیوں کو کم کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا تھا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک کے باشندے اتوار کے دن میراتھن میں کم سے کم رکاوٹوں کے ساتھ شہر کے گرد گھوم پھر سکیں۔

MTA کے صدر اور CEO Janno Lieber نے کہا، "اس شہر اور علاقے کی کامیابی، بڑے پیمانے پر آمدورفت پر منحصر ہے۔ آپ نے مجھے ہمیشہ یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ نیویارک کے باشندوں کے لیے یہ ہوا اور پانی کی طرح ہے، لیکن یہی بات سچ ہے۔ مجھے NYC ٹرانزٹ ٹیم کے یہ کام انجام دینے پر کبھی شک نہیں تھا۔ اس طرح کی بڑی ہفتہ وار تعطیلات ہی نیویارک کا خاصہ ہیں۔ نیویارک شہر، ایک توانا اور بھرپور واپسی کی جانب گامزن ہے۔ کوئی بھی شخص جو کل باہر سڑکوں پر یا سب وے پر موجود تھا وہ اس توانائی اور جوش و خروش کو محسوس کر سکتا تھا۔"

نیویارک سٹی ٹرانزٹ کے صدر Richard Davey نے کہا، "میراتھن والے اتوار کو سب وے کے ذریعے سفر کرنا ہی نیویارک شہر کے اطراف میں سفر کرنے کا بہترین طریقہ ہے، اور نیویارک سٹی آمدورفت نے اس بات کی پیشگی منصوبہ بندی کی ہے کہ ایک متوقع مصروف اتوار کے دن آمدورفت کے نظام میں ٹریک کے کام کی وجہ سے سروس میں طے شدہ تبدیلیوں کو کم سے کم کر دیا جائے، اور رائیڈر شپ کے یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ یہ ایک قابلِ قدر فیصلہ تھا۔ سروس کی طے شدہ تبدیلیوں میں کمی سے رائیڈر شپ کی حوصلہ افزائی میں مدد ملی، اور اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ جن لوگوں نے اس نظام پر سواری کی ان کا سفر تیز رفتار اور زیادہ قابل اعتماد تھا۔"

نیویارک سٹی ٹرانزٹ کی ہفتہ وار تعطیل والی سب وے کے زار Jose LaSalle نے کہا، "ہمارے عملے کو خاص طور پر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار کیا گیا تھا کہ کل ہونے والی تاخیر صرف لمحاتی ہی تھی اور لوگوں کے لیے میراتھن میں بھاگتے دوڑتے اپنے دوستوں اور رشتے داروں سے ملنے جانے کی خاطر شہر بھر میں سیدھے، یا ٹیڑھے میڑھے راستوں پر سفر کرنے کی صلاحیت کی راہ میں کوئی رکاوٹ حائل نہ تھی۔ اگرچہ دوڑنے والوں کو نومبر کے اوائل میں نسبتاً زیادہ گرمی اور رطوبت کا سامنا کرنا پڑا، لیکن کئی چیزیں زیر زمین آسانی سے چل رہی تھیں کیونکہ ہم نے پورے شہر میں لوگوں کو محفوظ طریقے سے اور مؤثر طریقے سے منتقل کرنے پر توجہ مرکوز کیے رکھی اور دوڑ کے بعد کی ٹرینوں کے درمیان رابطے بنانے پر زور دیا۔"

نیویارک روڈ رنرز (New York Road Runners) کی Kerin Hempel، CEO نے کہا، "کورس میں ایک قطار میں موجود 50,000 دوڑنے والوں اور لاکھوں تماشائیوں کے ساتھ، TCS نیویارک سٹی میراتھن نے MTA پر انحصار کیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہر ایک کو بہترین تجربہ حاصل ہوا ہو۔ نیویارک روڈ رنرز، ہر ممکن حد تک دوڑ کے دن کو آسانی سے چلانے کو یقینی بنانے کے لیے MTA کی شراکت کو سراہتے ہیں تاکہ دوڑنے والے اور تماشائی شہر کے اطراف میں گھوم پھر سکیں اور اس عالمی معیار کی تقریب میں اپنی توانائی شامل کر سکیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418